توضیح المسائل 2020 میں درج ذیل مسائل میں تبدیلیاں اور اضافہ کرکے توضٰح المسائل 2021 کے نئے ایڈیشن کو جون میں نشر کیا گیا۔

صفحہ نمبر	مسئلہ نمبر	پرانے مسائل(فارسی توضیح بمطابق 1438ھ)	اپ ڈیٹ مسائل (فارسی توضیح بمطابق 1441ھ)
15	2	اگر یہ بات معلوم ہو اگرچہ -- سمجھنے کی بہتر صلاحیت رکھتا ہو۔	اور اُس صورت میں کہ جب انسان اجمالی طور پر جانتا ہو کہ جو مسائل اس کو پیش آتے ہیں مجتہدین آپس میں اختلافی فتوی رکھتے ہیں اگرچہ اختلاف رائے کا مقام نہ جانتا ہو تو لازم ہے کہ ایسے مجتہد کی تقلید کرے کہ جو اعلم ہو، یعنی خداوند متعال کے حکم کو سمجھنے میں اپنے زمانے کے تمام مجتہدین سے زیادہ باصلاحیت ہو۔
16	8	لہٰذا اگر مرحوم مجتہد، زندہ مجتہد کے مقابلے میں اعلم ہو---------- ---------------اسے مرحوم کی تقلید پر باقی رہنا ضروری ہے۔	اس بنا پر اگر وہ زندہ مجتہد سے اعلم ہو اور مکلف اجمالی طور پر جانتا ہو کہ جو مسائل اس کو پیش آتے ہیں، یہ دونوں مجتہد آپس میں اختلافی فتوی رکھتے ہیں اگرچہ اختلافی رائے کے مقام کو نہ جانتا ہو تو ضروری ہے کہ اس کی تقلید پر باقی رہے۔
17	8	یعنی یہ کہ فتوی دینے میں زیادہ احتیاط کرتا ہو تو ضروری ہے کہ اُس کی تقلید کی جائے-----	اس معنی میں کہ ان امور میں زیادہ احتیاط کرے کہ جن میں فتوی دینا اور استنباط کرنا اثر رکھتا ہے اور صاحب تحقیق اورچھان بین کرنے والا ہو تو ضروری ہے کہ اس کی تقلید کی جائے۔
17	8	مثلاً قصر اور تمام کے درمیان اختلافی مقامات	مثلاً نماز قصر اور تمام کے درمیان اختلافی مقامات
17	8	اس مسئلے کے آغاز میں تقلید سے مراد معین مجتہد کے فتوے------------ نہ کہ اس کے حکم کے مطابق عمل کرنا۔	اور تقلید سے مراد، معیّن مجتہد کے فتوی کی پیروی کو صرف لازمی قرار دینا ہے، نہ کہ اس کے حکم کے مطابق عمل کرنا۔
17	12	تو بھی اس کے اعمال منہاج میں ذکر شدہ-----	تو بھی اس کے اعمال ((منہاج الصالحین)) میں ذکر شدہ-----
17	12	۱۲ مسئلہ کے اختتام پراضافی عبارت جو کہ پرانی توضیح میں موجود نہیں۔	قابل ذکر ہے کہ اس رسالےمیں جو بیشتر مستحبات ذکر ہوئے ہیں ان کا مستحب ہونا اس قاعدے کی بنا پر ہے جس کا نام((مستحبات کے دلائل میں تسامح)) ہے اور چونکہ یہ قاعدہ ہمارے نزدیک ثابت نہیں ہے اس بنا پر اس صورت میں کہ جب مکلّف ان کو انجام دینا چاہے، تو ضروری ہے کہ رجاءً اور اس امید کے ساتھ کہ شرعاً مطلوب ہیں بجا لائے اور مکروہات میں سے بھی بیشتر کا حکم ایسا ہی ہے اس معنی میں کہ ان کو رجاءً اور اس امید کے ساتھ کہ ان کا ترک کرنا شرعاً مطلوب ہو، ترک کرے۔
18	14	کُر وہ پانی ہے جس کے برتن کی گنجائش 36 کیوبک بالشت ہو جو تقریباً 384 لیٹر ہوتا ہے۔	کُر پانی، پانی وہ مقدار ہے کہ جس کے برتن کا حجم 36 کیوبک بالشت۱ ہو، اور وہ تقریباً (384) لیٹر کے برابر ہوتا ہے۔
19	22	(۲) دو عادل مرد اس بارے میں خبر دیں۔ البتہ--------محل اشکال ہے۔	(۲) یہ کہ دو عادل مرد خبر دیں۔ لیکن اگر ایک عادل یا قابل اعتماد شخص یا وہ شخص جس کے اختیار میں کُر پانی ہو، خبر دے، اگر اس کی خبر اطمینان کا باعث نہ ہو، تو احتیاط واجب کی بنا پر اس پانی کو کُر ہونا ثابت نہیں کرتی۔
19	25	جو قلیل پانی کسی چیز پر عین نجاست دور کرنے کے لئے ڈالا جائے تو------------------ اس سے جدا ہوجانے کے بعد بنا بر احتیاط لازم نجس ہے۔	وہ قلیل پانی جو نجس چیز کو دھوتے وقت یا اس کے بعد، خود بخود یا نچوڑنے وغیرہ پر، اس چیز سے جدا ہوتا ہے، اسےغسالہ کہا جاتا ہے اور نجس ہوتا ہے۔ البتّہ اس صورت میں کہ پانی ڈالنے سے پہلے، متنجس چیز میں، عین نجاست موجود نہ ہو، توغسالہ کے نجاست احتیاط واجب کی بنا پر ہے اور ہر صورت میں کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ چیز ان چیزوں میں سے ہو کہ جو ایک بار دھونے سے پاک ہوجاتی ہے یا یہ کہ پاک ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ایک بار سے زیادہ دھویا جائے اور ان مقامات میں کہ جہاں ایک بار سے زیادہ دھونے کی ضرورت ہو کوئی فرق نہیں پڑتا کہ غسالہ آخری بار دھونے کا ہو یا اس سے پہلے کا۔
20	27قبل	(۱) جس کا قدرتی منبع ہو	(۱)۔ جس کا قدرتی منبع ہو جیسے چشمے ، نہر، کاریز کا پانی یا وہ پانی جو پہاڑوں میں تہہ بہ تہہ جمی برف سے باہر آتا ہے۔
20	27قبل	مثلا اگر پانی اوپر سے قطروں کی صورت میں ٹپک رہا ہو---	مثلا اگر پانی اوپر سے قطرے قطرے کی صورت میں ٹپک رہا ہو---
20	27قبل	مثلاً پانی کے بہاؤ یا ابال میں رکاوٹ بنے----	مثلاً پانی کے بہاؤ یا ابال سے روک تھام کرے----
21	35	--- تو بنا بر احتیاط واجب ان دو پر، دوبار بارش کا پانی پہنچنا ضروری ہے،۔ البتہ قالین	--- تو احتیاط واجب کی بنا پر ان دو میں، دو مرتبہ دُھلنا لازم ہے، اور اسی طرح ضروری ہے کہ برتن کا اندرونی نجس حصّہ احتیاطِ واجب کی بنا پر، دھویا جائے، اور قالین
22	46	پھر اسے مضاف پانی نہ کہا جاسکے تو وہ پاک ہوجائے گا۔	پھر اسے عرف میں مضاف پانی نہ کہا جاسکے تو وہ پاک ہوجائے گا۔
25	71	اگر کسی شخص کو شک ہو کہ استبراء کیا ہے یا نہیں	اگر کوئی مرد شک کرے کہ استبراء کیا ہے یا نہیں
25	73	اگر کوئی شخص ہیشاب کے بعد استبراء کرے اور وضو کرلے،	اگر کوئی مرد ہیشاب کے بعد استبراء کرے اور وضو کرلے،
26	77	کھڑے ہوکر پیشاب کرنا اور سخت زمین پر یا جانوروں کے بلوں میں یا پانی میں، بالخصوص ساکن پانی میں پیشاب کرنا مکروہ ہے۔	کھڑے ہوکر پیشاب کرنا اورنیز سخت زمین پر پیشاب کرنا کہ اس سے پیشاب بہے کراہت رکھتا ہے اسی طرح جانوروں کے بلوں میں اور پانی میں، بالخصوص ساکن پانی میں، پیشاب کرنا مکروہ ہے۔
28	100	اگر کھانے میں اُبال کے وقت خون کا ایک ذرّہ بھی اس میں گرجائے تو سارے کا سارا کھانا اور برتن احتیاطِ لازم کی بنا پر نجس ہوجائے گا۔ اور اُبال، حرارت اور آگ پاک کنندہ نہیں ہیں۔	اگر کھانے کو اُبالتے وقت خون کا ایک ذرّہ اس میں گرجائے تو پورا کھانا اور اس کا برتن نجس ہوجائے گا اور احتیاطِ لازم کی بنا پر، اُبال، حرارت اور آگ پاک کنندہ نہیں ہیں۔
29	102	کتا اور سور نجس ہیں حتیٰ کہ	وہ کتّا اور سور جو زمین پر زندگی بسرکرتے ہیں نجس ہیں، حتیٰ کہ
29	103	اقرار نہ کرتا ہو نجس ہے۔ اسی طرح غالی	اقرار نہ کرتا ہواسی طرح غالی
29	103	جو ائمہ علیھم السلام میں سے کسی کو خدا کہیں،	جو ائمہ اطہار علیھم السلام میں سے کسی ایک کو خدا کہیں،
29	103	(یعنی وہ لوگ جو ائمہ علیھم السلام سے دشمنی اور بغض کا اظہار کریں) بھی نجس ہیں۔	(یعنی وہ لوگ جو ائمہ اطہار علیھم السلام سے دشمنی اور بغض کا اظہار کریں) بھی احتیاطِ واجب کی بنا پر نجس ہیں۔
29	104	کافر کا تمام بدن حتیٰ کہ اس کے بال، ناخن اور رطوبتیں بھی نجس ہیں۔	غیر اہل کتاب کافر کا تمام بدن، حتیٰ کہ اس کے بال، ناخن اور رطوبتیں بھی –احتیاط لازم کی بنا پر– نجس ہے۔ اور مرتد(یعنی جو اسلام سے خارج ہوگیا ہو) کے معاملے میں جو دینی حکم اس پر منتقل ہوگیا ہو وہ (حکم) جاری ہوگا۔ پس اگر مرتد شخص، اہل کتاب کافر بن گیا ہو، تو پاک ہے اور اگر غیر اہل کتاب کافر ہوگیا ہو تو – احتیاط لازم کی بنا پر– نجس ہے۔
29	105	اگر کسی نابالغ بچے کے ماں، باپ، دادا اور دادی کافر ہوں تو وہ بچہ بھی نجس ہے۔	اگر کسی نابالغ بچے کے ماں، باپ، دادا اور دادی غیر اہل کتاب کافر ہوں، تو بچہ بھی احتیاط واجب کی بنا پر نجس ہے،
29	107	گالی دے، وہ نجس ہے۔	گالی دے، وہ احتیاطِ واجب کی بنا پر نجس ہے۔
29	109	صنعتی اور طبّی الکحل کی تمام اقسام پاک ہیں۔	الکحل، چاہے صنعتی ہو اور چاہے طبّی ہو، اس کی تمام اقسام، پاک ہیں سوائے یہ کہ معلوم اور ثابت ہوجائے کہ یہ الکحل انگوری شراب کی بھاپ اور تقطیر سے، حاصل کیا گیا ہے کہ اس صورت میں، نجس ہوگا۔
30	111	کھجور، منقیٰ، کشمش اور ان کے شیرے میں چاہے ابال آجائے تو بھی پاک ہیں اور ان کا کھانا حلال ہے۔	کھجور، منقیٰ، کشمش اور ان کے شیرے میں چاہے اُبال آجائے، تو بھی پاک اور ان کا کھانا حلال ہے۔ لیکن اگر کجھور، منقیٰ اور کشمش کے شیرے میں اُبال آجائے اور معلوم ہوجائے کہ نشہ آور ہے، تواس کا کھانا حرام ہے لیکن نجس نہیں ہے۔

30	112	فقّاع جو عام طور پر جَو سے تیار ہوتی ہے اور ہلکے نشے کا سبب بنتی ہے حرام ہے اور احتیاط واجب کی بنا پر نجس ہے۔ لیکن وہ آب جَو پاک اور حلال ہے جو کسی قسم کے نشے کا سبب نہیں بنتی۔	فقّاع جو کہ جَو سے تیار ہوتی ہے اور ہلکے نشے کا سبب بنتی ہے حرام اور احتیاط واجب کی بنا پر، نجس بھی ہے۔ اورلیکن وہ آب جَو جسے طبّی خواص کے لیے جَو سے بناتے ہیں اور اس کو ماء الشعیر کہتے ہیں، پاک اور حلال ہے۔
30	115	تو اس سے پرہیز کرنا لازم نہیں	تو اس سے پرہیز کرنا لازم نہیں اور طہارت کے حکم میں ہے۔
30	115	لہٰذا قہوہ خانوں اور ہوٹلوں میں جہاں لاپرواہ لوگ	لہٰذا عمومی مقامات، ہوٹلوں اور مہمان خانوں میں جہاں لاپرواہ لوگ
30	115	مثلاً کسی شخص کی بیوی یا نوکر یا ملازمہ کہے	مثلاً کسی شخص کی بیوی یا خادم کہے
31	119	لیکن اگرواسطہ متعدد ہوجائے تو نجس نہیں ہوگی۔	لیکن اگر نجاست میں واسطے زیادہ ہوں، تو نجاست سرایت نہیں کرتی ہے۔
31	119	مثلاً اگر دایاں ہاتھ پیشاب سے نجس ہو اور یہ ہاتھ ایک نئی رطوبت کے ساتھ بائیں ہاتھ کو لگے تو بایاں ہاتھ نجس ہوجائے گا۔ اب اگر بایاں ہاتھ خشک ہونے کے بعد مثلاً تر لباس کو لگے تو وہ لباس بھی نجس ہوجائے گا لیکن اگر اب وہ لباس کسی دوسری تر چیز کو لگ جائے تو وہ چیز نجس نہیں ہوگی۔ ہاں! اگر تری اتنی کم ہو کہ دوسری چیز کو نہ لگے تو پاک چیز نجس نہیں ہوگی خواہ وہ عین نجس کو ہی کیوں نہ لگی ہو۔	مثلاً: اگر دایاں ہاتھ پیشاب سے نجس ہوجائے پھر یہ ہاتھ خشک ہونے کے بعد ایک نئی رطوبت کے ساتھ بائیں ہاتھ کو مَس ہوجائے، تو یہ مَس ہونا بایاں ہاتھ کی نجاست کا باعث ہوگا۔ اور اگر بایاں ہاتھ خشک ہوجانے کے بعد کسی دوسری چیز جیسےتر لباس کو نئی رطوبت کے ساتھ مَس ہوجائے، تو لباس بھی نجس ہوجائے گا لیکن اگر وہ لباس کسی دوسری چیز کے ساتھ نئی تری کے ساتھ مَس ہوجائے، تو وہ چیز نجس نہیں ہوگی۔ اس بنا پر تیسرا واسطہ نجس ہے لیکن نجس نہیں کرے گا۔ اور اگر تری اتنی کم ہو کہ دوسری چیز تک نہ پہنچے، تو پاک چیز نجس نہیں ہوگی اگرچہ عین نجس تک ہی کیوں نہ پہنچی ہو۔
31	120	اگر کوئی پاک چیز کسی نجس چیز کو لگ جائے اور ان دونوں یا کسی ایک کے تر ہونے کے متعلق شک ہو تو پاک چیز نجس نہیں ہوتی۔	اگر کوئی پاک چیز کسی نجس چیز کو لگ جائے اور انسان شک کرے کہ دونوں یا ان دونوں میں سے کوئی ایک تر تھی یا نہیں، تری اس قدر تھی کہ دوسرے تک سرایت کرتی یا نہیں، تو وہ پاک چیز، نجس شمار نہیں ہوگی۔
31	122	اگر زمین، کپڑا یا ایسی دوسری چیزیں تر ہوں تو ان کے جس حصے کو نجاست لگے گی وہ نجس ہو جائے گا اور باقی حصہ پاک رہے گا۔ یہی حکم کھیرے، خربوزے اور ان جیسی چیزوں کے بارے میں ہے۔	اگر زمین، کپڑا یا ایسی دوسری چیزیں، اگر سرایت کرنے والی تری رکھتی ہوں، تو ان کے جس حصّے کو نجاست لگے گی، وہ نجس ہو جائے گا اور باقی جگہ پاک رہے گی اگرچہ پاک جگہ نجس جگہ سے ملی ہوئی ہو اور یہ حکم کھیرے، خربوزے اور ان جیسی چیزوں کے بارے میں بھی جاری ہوگا۔
31	123	تو جوں ہی وہ ذرہ بھر بھی نجس ہوگا سارے کا سارا	تو جوں ہی اس میں سے ایک حصہ نجس ہوگا، سارے کا سارا
33	132	اگر لکھا جا چکا ہو تو اسے پانی سے دھو کر یا چھیل کر یا کسی اور طریقے سے مٹا دینا ضروری ہے۔	اگر لکھا جا چکا ہو تو ضروری ہے کہ اسے پانی یا اس کے علاوہ کسی ذریعے سے اس طرح مٹا دیا جائےکہ نجس مرکب کا مادہ اس سے دور ہوجائے۔
33	133	اگر کافر کو قرآن مجید دینا بے حرمتی کا موجب ہو تو حرام ہے اور اس قرآن مجید واپس لے لینا واجب ہے۔	کافر کو قرآن بیچنا، احتیاط واجب کی بناپر، صحیح نہیں ہے اور کافر کو قرآن دینا اگر بے حرمتی اور توہین شمار ہو یا بے حرمتی کے مقام میں ہو، تو حرام ہے لیکن اگر کافر کو قرآن دینا مثلاً اس کی راہنمائی اور ہدایت کے لئے ہو اور بے حرمتی اور توہین بھی نہ ہو، تو کوئی اشکال نہیں ہے۔
33	134	مثلاً ایسا کاغذ جس پر اللہ تعالیٰ کا یا حضرت رسول اکرم ﷺ یا کسی امام علیہ السلام کا نام لکھا ہو بیت الخلاء میں گر جائے تو	مثلاً ایسا کاغذ جس پر اللہ تعالیٰ یا پیغمبر اکرم ﷺ یا معصومین علیھم السلام میں سے کسی ایک کا نام یا ان بزرگواران کے القاب اور کنیتیں لکھی ہوں، بیت الخلاء (نجاست کے موجود ہونے کی جگہ) میں گر جائے، تو
33	134	جب تک یہ یقین نہ ہوجائے کہ گل کر ختم ہوگیا ہے۔ اسی طرح .	جب تک یہ یقین نہ ہوجائے کہ گل کر ختم ہوگیا ہے لیکن دوسروں کو کہنا واجب نہیں ہے اور اسی طرح
33	136	(۱) جب اندیشہ ہو کہ دوسرا فریق کسی واجب حکم کی مخالفت کا مرتکب ہوگا مثلاً اس (نجس چیز) کو کھانے پینے میں استعمال کرے گا۔ اگر ایسا نہ ہو توبتانا ضروری نہیں ہے۔ مثلاً	(۱) جب اندیشہ ہو کہ دوسرا فریق کسی خاص مقامات میں شرعی وظائف کی مخالفت کا مرتکب ہوگا، مثلاً یہ کہ نجس چیز کو کھانے پینے میں استعمال کرے گا، یا ایسے وضو یا غسل کے باطل ہونے کا سبب ہو گا کہ جس سے اپنی واجب نماز کو پڑھے گا اور اگر ایسا نہ ہو توبتانا ضروری نہیں ہے۔ مثلاً
33	138	لباس یا کوئی اور چیز تری کے ساتھ نجس جگہ سے جا لگی ہے اور	لباس یا کوئی اور چیز سرایت کرنے والی تری کے ساتھ نجس جگہ سے جا لگی ہے، اگر
33	138	تو دو شرطوں کے ساتھ جو گزشتہ مسئلے میں بیان ہوئی ہیں ان لوگوں کو اس بارے میں آگاہ کردینا ضروری ہے۔	تو دو شرطوں کے ساتھ جو مسئلہ ۱۳۶میں گزر چکی ہیں ان لوگوں کو اس بارے میں آگاہ کردینا ضروری ہے۔
33	139	غذا نجس ہے تو گزشتہ دوسری شرط کے ساتھ ضروری ہے کہ مہمانوں کو اس کے متعلق آگاہ کردے	غذا نجس ہے – تو دوسری شرط کے ساتھ جو مسئلہ ۱۳۶ میں گزر چکی ہے– ضروری ہے کہ مہمانوں کو اس کے متعلق آگاہ کردے
34	141	تو اس کی بات پر اعتبار نہیں کرنا چاہئےلیکن	تو اس کا قول قبول نہیں ہوگا لیکن
34	141	جبکہ وہ چیز اس کے استعمال میں ہو	جبکہ وہ چیز اس کےاختیار میں ہو
34	141	اور یہی حکم ہے جبکہ بچہ کہے کہ وہ چیز نجس ہے	اور یہی حکم ہے اگرکسی چیز کے نجس ہونے کی اطلاع دے۔
34	143	نجس چیز کو دھونے کے دوران پانی مضاف نہ بن جائے۔جس دھونے کے بعد مزید دھونا ضروری نہ ہو تو لازم ہے کہ اس پانی میں نجاست کی بو،رنگ یا ذائقہ بھی موجود نہ ہو	جس وقت نجس چیز کو دھویا جائے تو طہارت مکمل ہونے سے پہلے، پانی مضاف نہ بن جائے، اور جس دھونے کے بعد مزید دھونا ضروری نہ ہو تو لازم ہے کہ اس پانی میں نجاست کی بو، رنگ یا ذائقہ بھی موجود نہ ہو،
35	144	اور جس برتن سے کتے نے پانی یا کوئی اور مائع چیز پی ہو	اور جس برتن کو کتے نے چاٹا ہو یا اس سے پانی یا کوئی اور مائع چیز پی ہو
35	144	اسی طرح اگر کتے نے کسی برتن کو چاٹا ہو تو اسے دھونے سے پہلے مٹی سے مانجھ لینا ضروری ہے اور اگر کتے کا لعاب کسی برتن میں گر جائے یا اس کے بدن کا کائی اور حصہ اس (برتن) سے لگے تو احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ اسے مٹی سے مانجھے اور اس کے بعد تین دفعہ پانی سے دھوئے۔	اور اگر کتے کا لعاب کسی برتن میں گر جائے یا کتے کے بدن کا کوئی دیگر حصہ جیسے ہاتھ یا پاؤں سرایت کرنے والی تری کے ساتھ برتن کے اندرونی حصے سے لگے، تو احتیاط لازم کی بنا پر ضروری ہے کہ اسے مٹی سے مانجھے اور اس کے بعد تین دفعہ پانی سے دھوئے، لیکن برتن کے علاوہ جیسے انسان کا ہاتھ جسے کتے نے چاٹا ہو برتن کا حکم نہیں رکھتا اور اس کو مٹی سے مانجھنا لازم نہیں ہے اور کافی ہے کہ ایک بار دھویا جائے۔
35	146	جس برتن کو سور نے چاٹا ہو یا اس میں سے کوئی مائع چیز پی لی ہو	وہ برتن کہ جس کے اندرونی حصے کو سور نے چاٹا ہو یا اس میں سے پانی کوئی مائع چیز پی لی ہو
36	151	اگر نجس تانبے اس جیسی چیزوں کا پگھلا کر پانی سے دھولیا جائے تو اس کا ظاہری حصہ پاک ہوجائے گا۔	اگر نجس چیزجیسے دھات یا پلاسٹک کو پگھلایا جائے اورپگھلانے کی وجہ سے اس کا اندرونی حصہ بھی نجس ہوجائے گا اگر منجمد ہونے کے بعد، اس کو پانی سے دھویا جائے، تو اس کا ظاہری حصہ پاک ہوجائے گا۔
36	152	اگر تنور پیشاب سے نجس ہوجائے اور اس میں اوپر سے ایک مرتبہ یوں پانی ڈالا جائے کہ اس کی تمام اطراف تک پہنچ جائے تو تنور پاک ہوجائے گا اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ یہ عمل دو دفعہ کیا جائے اور اگر تنور پیشاب کے علاوہ کسی اور چیز سے نجس ہوا ہو تو نجاست دور کرنے کے بعد مذکورہ .... پاک مٹی سے پُر کردیا جائے۔	تنور، پانی کا حوض اور اس کی مانند برتن کا حکم نہیں رکھتے ہیں۔ اس بنا پر ایک مرتبہ دھونے سے پاک ہوجاتے ہیں۔ اور اگر تنور یا پانی کا حوض ایسا کوئی سوراخ اور مخرج نہ رکھتے ہوں کہ جس سے پانی خارج ہوجائے اور پانی اس کی تہہ میں جمع ہوجاتا ہو، تو اس صورت میں کہ اس کو قلیل پانی سے پاک کرنا چاہیں تو اس جگہ کو پاک کرنے کے لئے ضروری ہے کہ جمع شدہ پانی کو کپڑے یا اسفنج(فوم) یا برتن وغیرہ باہر نکال لیا جائے۔
37	164	تو کوئی حرج نہیں۔ لہٰذا اگر خون لباس پر سے ہٹا دیا جائے اور لباس دھولیا جائے اور خون کا رنگ لباس پر باقی بھی رہ جائے تو لباس پاک ہوگا۔	تو کوئی حرج نہیں، بطورِ مثال اگر ایسا لباس جو خون سے متنجس ہو، پانی سے دھویا جائے اور خون لباس سے دور ہوجائے لیکن خون کا رنگ لباس پر باقی رہ جائے تو لباس پاک ہوگا اور اگر رنگ کولباس دھونے والے کیمیکل سے ہٹا سکتے ہوں، تو یہ کام لازم نہیں ہے۔
38	172	اگر کسی چیز کو دھویا جائے	اگرکوئی شخص کسی چیز کو پانی سے دھوئے

38	172	تاکہ یقین آجائے کہ عین نجاست دور ہوگئی ہے۔	تاکہ یقین یا اطمینان آجائے کہ عین نجاست دور ہوگئی ہے، سوائے یہ کہ وہ شخص وسوسے میں مبتلا ہو کہ اس صورت میں اپنے شک کی پرواہ نہ کرے۔
39	177	(۲) یہ کہ زمین خشک ہو۔	(۲) یہ کہ زمین خشک ہو لیکن زمین میں ایسی تری اور رطوبت کا موجود ہونا جو سرایت کرنے والی نہ ہو اشکال نہیں رکھتا۔
39	177	(۳) احتیاط لازم کی بنا پر نجاست زمین سے لگی ہو۔	(۳) یہ کہ احتیاط لازم کی بنا پر نجاست، نجس زمین سے جوتے یا پاؤں تلوے تک پہنچ گئی ہو۔
39	178	پاؤں کا تلوا یا جوتے کا نچلا حصہ نجس ہو تو ڈامر پر یا لکڑی کے بنے ہوئے فرش پر چلنے سے پاک ہونا محل اشکال ہے۔	احتیاط واجب کی بنا پرپاؤں کا نجس تلوا یا جوتے کا نچلا حصہ، ڈامر پر یا لکڑی کے بنے ہوئے فرش پر چلنے سے اور اسی طرح دیوار پر رگڑنے اور گھسیٹنے سے پاک نہیں ہوتے۔
39	179	(۱) کہنی سے لے کردرمیانی ---------۳۶ سینٹی میٹر ہوتی ہے۔	پندرہ ذراع تقریباً ساتا میٹر کے برابر ہے۔
39	182	تو اس کے راستہ چلنے سے اس کی ہتھیلی یا گھٹنے کا پاک ہوجانا محل اشکال ہے۔	تو احتیاط واجب کی بنا پراس کے راستہ چلنے سے پاک نہیں ہونگے۔ اور یہی صورت لاٹھی اور مصنوعی ٹانگ کے نچلے حصے، چوپائے کی نعل، موٹر سائیکل کے پہیوں، کار کے پہیوں وغیرہ کی ہے۔
40	184	اور زمین پر چلنے سے موزے کے نچلے حصے کا پاک ہونا بھی محل اشکال ہے،	اورموزے کے نچلے حصے کا بھی احتیاط واجب کی بنا پر راستہ چلنے سے پاک نہیں ہوتا ہے،
40	185	لیکن اگر کیفیت یہ ہو کہ یہ کہا جاسکے کہ یہ نجس چیز دھوپ سے خشک ہوئی ہے تو پھر کوئی حرج نہیں۔	لیکن اگر کیفیت یہ ہو کہ خشک ہونا، عرف میں سورج کی طرف نسبت دی گئی ہو تو پھر کوئی حرج نہیں۔
40	186	دروازے، کھڑکیاں سورج سے پاک ہونے میں اشکال ہے۔	دروازے، کھڑکیاں سورج سے، احتیاط واجب کی بنا پر پاک نہیں ہوتے۔
40	187	تو وہ زمین نجس ہوگی اور	تو وہ زمین، نجس ہوگی اور
40	187	مانع تھی یا نہیں تو پھر زمین کا پاک ہونا محل اشکال ہے۔	مانع تھی یا نہیں، تو احتیاط واجب کی بنا پر پاک شمار نہیں ہوتی۔
40	188	دھوپ نہیں پڑی تو بعید نہیں کہ دیوار دونوں طرف سے پاک ہوجائے۔	دھوپ نہیں پڑی، تو دیوار دونوں طرف سے پاک ہوجائے گی۔
41	192	تو پاک ہوجاتی ہے۔	تو پاک ہوجاتی ہے اور اس کو انقلاب کہتے ہیں۔
41	195	اگر انگور یا کھجور کے ڈنٹھل بھی ان کے ساتھ ہوں اور سرکہ ڈالا جائے تو کوئی حرج نہیں بلکہ	اگر انگور یا کھجور کے ڈنٹھل انگور اورکھجورکے ساتھ ہوں اور سرکہ بنانا چاہیں، تو کوئی حرج نہیں، بلکہ
41	195	مگر یہ کہ سرکہ بننے سے پہلے ان میں نشہ پیدا ہوجائے۔	مگر یہ کہ سرکہ بننے سے پہلے، نشہ آور اور مست کرنے والا ہوجائے۔
41	196	اگر انگور کے رس میں، آگ پر رکھنے سے یا خود بخود ابال آجائے تو وہ حرام ہوجاتا ہے	اگر انگور کے رس میں، آگ پر رکھنے سے یا خود بخود ابال آجائے، تو اس کا پینا، حرام ہوجاتا ہے
41	196	جیسا کہ بعض کا کہنا ہے کہ خود بخود ابال آجانے پر ایسا ہوجاتا ہے تو پھر صرف اسی صورت میں پاک ہوسکتا ہے جب سرکہ بن جائے۔ مسئلہ(۱۱۰) میں بتایا جاچکا ہے کہ انگور کا رس ابال آنے پر نجس نہیں ہوتا۔	(چنانچہ بعض کا کہنا ہے کہ انگور کے رس میں خود بخود ابال آجانے کی صورت میں نشہ آور اور مست کرنے والا ہو جاتا ہے) تو پھر صرف سرکہ بن جانے کی صورت میں حلال ہوجاتا ہے۔ اور مسئلہ(۱۱۰) میں گزچکا ہے کہ انگور کا رس ابال آجانے پر نجس نہیں ہوتا مگر یہ کہ شراب بن جائے۔
41	197	اگر لوگ اسے انگور کا رس کہیں، شیرہ نہ کہیں تو احتیاط لازم کی بنا پر حرام ہے۔	اگر لوگ اسے انگور کا رس کہیں – نہ کہ شیرہ – تو احتیاط لازم کی بنا پر، حرام ہے۔
42	200	لیکن وہ اس چیز میں گھل مل کر ختم نہ ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر فقط اس دانے کا کھانا حرام ہے۔	لیکن وہ اس میں اس طرح سے مخلوط نہ ہوکہ ختم ہونا شمار ہو، تو احتیاط لازم کی بنا پر، فقط اس دانے کا کھانا حرام ہے۔
42	202	جس چیز کے بارے میں یہ معلوم نہ ہو کہ وہ کچے انگور ہیں یا پکے انگور، اگر اس میں جوش آجائے تو حلال ہے۔	کچے انگور کا رس، پکے انگور کے رس کا حکم نہیں رکھتا اس بنا پر اگر جوش آجائے تو پاک اور حلال ہے اور جس چیز کے بارے میں یہ بھی معلوم نہ ہو کہ وہ کچے انگور ہیں یا پکے انگور، اگر اس میں جوش آجائے تو حلال ہے۔
42	203	اگر انسان یا ایسے حیوان کہ اگر---لہٰذا نجس ہی رہتا ہے۔	اگر ایسا حیوان جو کہ عرفاً خون نہیں رکھتا ہے، انسانی بدن کے خون یا ایسے حیوان کا خون جو کہ جہندہ خون رکھتا ہو اس طرح چوسے کہ چوسا ہوا خون اس حیوان کے بدن کا حصہ بننے کے قریب ہو، جیسے وہ مچھر جو انسانی بدن سے یا کسی حیوان سے خون چوستا ہے، تو وہ چوسا ہوا خون، پاک ہوجاتا ہے اور اس کو انتقال کہتے ہیں اور لیکن وہ خون جو علاج کی غرض سے جونک انسان سے چوستی ہے چونکہ معلوم نہیں ہے کہ اس کے بدن کا حصہ بن جاتا ہے یا نہیں، نجس ہے۔
42	205	اگر کوئی کافر شہادتین(اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا رسول اللہ) پڑھ لے یعنی کسی بھی زبان میں اللہ کی وحدانیت اور خاتم النبیین حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ کی نبوت کی گواہی دیدے تو مسلمان ہوجاتا ہے اور اگرچہ وہ مسلمان ہونے سے پہلے نجس کے حکم میں تھا لیکن مسلمان ہوجانے کے بعد اس کا بدن، تھوک، ناک کا پانی اور پسینہ پاک ہوجاتا ہے	اگر کوئی کافر شہادتین پڑھ لے یعنی کسی بھی زبان میں، اللہ تعالی کی وحدانیت اور خاتم الانبیاء ﷺ کی نبوت کی گواہی دیدے، تو مسلمان ہوجاتا ہے اور اگرچہ وہ مسلمان ہونے سے پہلے –احتیاط واجب کی بنا پر– نجس کے حکم میں تھا، لیکن مسلمان ہوجانے کے بعد، اس کا بدن، تھوک، ناک کا پانی اور پسینہ پاک ہوجاتا ہے
43	207	اور اگر یہ علم ہو کہ وہ دل سے مسلمان نہیں ہوا لیکن ایسی کوئی بات اس سے ظاہر نہ ہوئی ہو جو توحید اور رسالت کی شہادت کے منافی ہو تو صورت وہی ہے(یعنی وہ پاک ہے)۔	اور اسی طرح اگر شہادتین کو پڑھ لے اور انسان کو علم ہو کہ وہ دل سے مسلمان نہیں ہوا ہے لیکن اس سےایسی کوئی بات سرزد نہ ہوئی ہو جو شہادتین کے ساتھ ہم آہنگ نہ ہو، تو اسے پاک شمارکیا جائے گا۔
43	209	لیکن اگر برتن کی بیرونی سطح اس شراب سے آلودہ ہوجائے تو احتیاط واجب کی یہ ہے کہ شراب کے سرکہ ہوجانے کے بعد اس سطح سے پرہیز کیا جائے۔	لیکن اگر برتن کی بیرونی سطح اس کے جوش آنے کی وجہ سےاس شراب سے آلودہ ہوجائے، تو احتیاط واجب کی بنا پر، بذریعہ تبعیت پاک نہیں ہوگی۔
43	210	اور اس کے زیر کفالت ہو	اور اس کے زیر سرپرستی ہو
43	211	ہاتھ، یہ تمام چیزیں جو میت کے غسل کے ساتھ دھل جاتی ہیں، غسل مکمل ہونے کے بعد پاک ہوجاتی ہیں۔	ہاتھ، یہ تمام چیزیں –اتنی مقدار میں جو عام طور پرغسل کے موقع پر، میت اور اس پانی سے جو اس پر ڈالا جاتا ہے،اس سے ملی ہوئی ہوتی ہیں– غسل مکمل ہونے کے بعد، پاک ہوجاتی ہیں۔ لیکن غسّال کا لباس اور بدن اور بقیہ غسل دینے کی چیزیں احتیاط واجب کی بنا پر بذریعہ تبعیت پاک نہیں ہوتی ہیں اور الگ سے دھونے کی محتاج ہوتی ہیں۔
44	212	جو اس چیز کے ساتھ دھل گیا ہے۔	جو اس چیز کے ساتھ دھل گیا ہے۔ اسی طرح بذریعہ واشنگ مشین کپڑا پاک کرنے میں، کپڑے پاک ہونے کے بعد مشین کے گھومنے والے حصے کا حفاظتی دروازہ اور مشین کے دروازے کا اندرونی حصہ(یعنی ٹب) بھی (کہ عرفاً دھونے کے آلات میں شمار ہوتے ہیں) بذریعہ تبعیت پاک ہوجاتے ہیں اور دھونے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔
45	220	اگر بالغ یا طہارت و نجاست کی سمجھ رکھنے والے مسلمان کا بدن یا لباس یا دوسری اشیاء	اگر بالغ مسلمان –یا ایسا نابالغ ممیز جو طہارت و نجاست میں فرق کرتا ہو– کا بدن یا لباس یا دوسری اشیاء
45	220	تو وہ پاک ہوں گی۔	تو وہ پاک ہوں گی، اور یہ حکم ایسے نابالغ بچے کے معاملے میں بھی جاری ہوگا جو ممیز نہیں ہے کیونکہ اس بچے کے امور کی پوچھ گچھ کا تعلق اس کے متولی امر سے ہے۔ اندھیرا اور دکھائی نہ دینا غائب ہونے کے حکم میں ہے اس بنا پر اگر مسلمان کا بدن یا لباس، نجس ہوجائے اور وہ شخص دکھائی نہ دینے یا اندھیرے کی وجہ سے اس کو پاک کرنے کو نہ دیکھے، اگر احتمال عقلائی ہو کہ اس نے اس چیز کو دھولیا ہوگا تو اس چیز پرپاک ہونے کا حکم ہوگا۔

45	223	اگر کسی طہارت و نجاست کے معاملے میں شکی مزاج شخص کی یہ حالت ہو جائے کہ اسے کسی نجس چیز کے پاک ہونے کا یقین ہی نہ آئے اگر وہ اس چیز کو معمول کے مطابق دھولے تو کافی ہے۔	اگر کوئی ایسا وسواسی شخص جو کسی نجس چیز کے پاک کرنے میں، عام افراد کی مانند یقین حاصل نہ کرتا ہو، اگر وہ اسی طریقے عمل کرے جیسے عام افراد نجس چیز کو پاک کرنے میں کرتے ہوں، تو کافی ہے اور نجاست و طہارت کے مسئلے میں متعارف حد سے زائد احتیاط کرنا شریعت کی نگاہ میں پسندیدہ کام نہیں ہے اور یہ لازم نہیں ہے کہ انسان -چاہے وسواسی ہو یا غیر وسواسی- تحقیق کرے اور یقین حاصل کرے کہ اس کا بدن یا لباس یا کوئی دوسری چیز نجس ہوئی ہے یا نہیں اور نیز یہ بھی لازم نہیں ہے کہ باریک بینی سے کام لے اور دیکھے کہ کیا فلاں نجس چیز دوسری چیز کے ساتھ مَس ہوئی ہے یا نہیں اور اگر مَس ہوئی ہے تو منتقل ہونے والی تری موجود تھی یا نہیں اور ان تمام مقامات میں ذکر شدہ چیزیں پاک کے حکم میں ہوتی ہیں۔
47	237	اگر کسی شخص کے ہاتھ یا چہرہ..... مطابق پیشانی دھو ڈالے۔	اگر کسی شخص کا چہرہ ٹھوڑی کی جانب سے، عام انسانوں سے لمبا ہو، تو لازم ہے کہ وہ اپنے تمام چہرے کو دھوئے اور اگراس کی پیشانی پر بال اُگے ہوئے ہوں یا اس کے سر کے اگلے حصّے پر بال نہ ہوں تو ضروری ہے کہ وہ عام انسانوں کو دیکھے کہ جہاں سے وہ اپنے چہرے کو دھوتے ہیں، وہ بھی اسی جگہ سے عام طریقے سے، پیشانی کو دھوئے۔ لیکن اگر کوئی شخص چہرے کے بڑے یا چوڑائی میں اس کےچھوٹے ہونے کی وجہ سے یا انگلیاں بڑی یا ان کے چھوٹے ہونے کے سبب، متناسب اور معمول کے مطابق خلقت نہ رکھتا ہو تو ضروری ہے کہ ایسی انگلیاں پیش نظر رکھے جو اس کے چہرے کے ساتھ مناسبت رکھتی ہوں اوراس طرح کے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کے درمیان کی مقدار کو دھوئے۔
49	256	اگر مسح کرنے کے لئے ہتھیلی پر تری باقی نہ رہی ہو تو اسے دوسرے پانی سے تر نہیں کیا جاسکتا بلکہ ایسی صورت میں ضروری ہے کہ اپنی داڑھی کی تری لے کر اس سے مسح کرلے۔ اورداڑھی کے علاوہ اور کسی جگہ سے تری لے کر مسح کرنا محل اشکال ہے۔	اگر مسح کرنے کے لئے، ہاتھ پر اس طرح سے تری باقی نہ رہی ہو کہ کہنی سے لے کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے سرے تک خشک ہوچکے ہوں تو اسے دوسرے پانی سے تر نہیں کیا جاسکتا، بلکہ ایسی صورت میں ضروری ہے کہ اپنی داڑھی کی تری لے کر اس سے مسح کرلے، اورداڑھی کے علاوہ اور کسی جگہ سے تری لے کر مسح کرنا محل اشکال ہے۔
51	267	کسی مدرسے کے ایسے حوض سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں	وضو خانے یا کسی مدرسے کے ایسے حوض سے وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں
52	268	آیا اس مسجد کا حوض تمام	آیا اس مسجد کا وضو خانہ یا حوض تمام
52	268	جو اس مسجد میں نماز پڑھتے ہیں تو اس کے لئے اس حوض سے وضو کرنا درست نہیں لیکن اگر عموماً وہ لوگ اس حوض سے وضو کرتے ہوں جو اس مسجد میں نماز نہ پڑھنا چاہتے ہوں اور کوئی منع نہ کرتا ہو تو وہ شخص بھی اس سے حوض سے وضو کرسکتا ہے۔	جو اس مسجد میں نماز پڑھتے ہیں، تو وہ اس جگہ سے وضو نہیں کرسکتا، لیکن اگر عموماً وہ لوگ اس وضو خانے یا حوض سے وضو کرتے ہوں جو اس مسجد میں نماز نہ پڑھنا چاہتے ہوں اور کوئی منع نہ کرتا ہو تو وہ شخص بھی اس سے وضو کرسکتا ہے۔
52	269	سرائے، مسافر خانوں اور ایسے ہی دوسرے مقامات کے حوض سے ان لوگوں کا جو ان میں مقیم نہ ہوں، وضو کرنا اسی صورت میں درست ہے جب عموماً ایسے لوگ بھی جو وہاں مقیم نہ ہوں اس حوض سے وضو کرتے ہوں اور کوئی منع نہ کرتا ہو۔	مسافر خانوں، ہوٹلوں، مارکیٹوں اور راستوں کے درمیان ریستورانوں اور ایسے ہی دوسرے مقامات کے پانی سے ان لوگوں کا جو ان میں مقیم نہ ہوں، وضو کرنا اسی صورت میں درست ہے جب عموماً ایسے لوگ بھی جو وہاں مقیم نہ ہوں وہاں سے وضو کرتے ہوں اور کوئی منع نہ کرتا ہو۔
53	281	ایک ساتھ مسح نہ کیا جائے بلکہ بائیں پاؤں کا مسح دائیں پاؤں کے بعد کیا جائے۔	ایک ساتھ مسح نہ کیا جائے، بلکہ احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ بائیں پاؤں کا مسح دائیں پاؤں کے بعد کیا جائے۔
55	292	مثلا گارے سے کوئی کام کرنے کے بعد شک ہو کہ گارا اس کے ہاتھ سے لگا رہ گیا ہے یا نہیں	جیسے یہ کہ چونے کے کام یا رنگ کرنے کےبعد شک کرے کہ چونا یا رنگ اس کے ہاتھ سے چپکا رہ گیا ہے یا نہیں
55	292	تو ضروری ہے کہ تحقیق کرلے یا ہاتھ کو اتنا ملے کہ اطمینان ہوجائے کہ اگر اس پر گارا لگا رہ گیا تھا تو دور ہوگیا ہے یا پانی اس کے نیچے پہنچ گیا ہے۔	تو ضروری ہے کہ تحقیق کرلے یا ہاتھ کو اتنا ملے کہ عام طور پر دور ہوجانےکےاطمینان کا باعث ہوتا ہو یا پانی اس کے نیچے پہنچ گیا ہے۔
57	307	پیشاب یا پاخانہ خارج ہونے کی وجہ سےدوبارہ وضو کرے۔	پیشاب یا پاخانہ خارج ہونے کی وجہ سے، دوبارہ وضو کرے بلکہ حتی کہ ایک وضو اس کی چند نمازوں کے لئے کافی ہے، مگر یہ کہ کوئی دوسری چیز وضو کو باطل کردے گی، جیسے سو جائے یا اس سے پیشاب اور پاخانہ طبیعی طور پر خارج ہوجائے، اور بہتر یہ ہے کہ اگلی نماز کے لئے وضو انجام دے۔
58	315	(۴) وضو کرنے کی نذر کی ہو(منت مانی ہو یا) (۵) جب کسی نے منت مانی ہو کہ	(۴) وضو کرنے کی نذر کی ہو (۵) جب کسی نے نذر کی ہو کہ
60	330	یا ان حیوانات کے اجزا سے بنی ہو جن کا گوشت کھانا جائز نہیں تو ان پر بھی مسح کرنا جائز ہے۔	یا حرام گوشت حیوان کے پاک اجزا سے ہو، تو ان پر مسح کرنا جائز ہے۔
61	334	کیونکہ اس صورت میں ضروری ہے کہ وضو اور تیمّم دونوں کرے	کیونکہ اس صورت میں -احتیاط واجب کی بنا پر- ضروری ہے کہ وضو اور تیمّم دونوں کرے
61	336	اگر وضو کے اعضاء کی کسی رگ سے فصد کھلوانے کے طریقے سے خون نکالا گیا ہو اور اسے دھونا ممکن نہ ہو تو تیمم کرنا لازم ہے۔ لیکن اگر پانی اس کے لئے مضر ہو تو جبیرہ کے احکام پرعمل کرنا ضروری ہے۔	اگر وضو کے اعضاء میں سے کسی جگہ فصد کیا گیا ہو اور پانی اس کے لئے نقصان دہ نہ ہو لیکن خون بند نہ ہونے یا اسی طرح کی کسی وجہ سے اسے دھونہ سکتے ہوں تو تیمم کرنا لازم ہے، اور اگر پانی اس کے لئے نقصان دہ ہو تو جبیرہ کے احکام پرعمل کرنا ضروری ہے۔
61	338	مکلف کو غسل یا تیمّم کا اختیار ہے۔	مکلف کواختیار ہے کہ غسل کرے یا تیمّم انجام دے۔
61	338	ٹوٹی ہوئی ہے وہ کھلی ہو تو تیمّم کرنا ضروری ہے۔	ٹوٹی ہوئی ہے وہ کھلی ہو تو تیمّم کرنا ضروری ہے، پس اگر ٹوٹی ہوئی جگہ کھلی ہوئی ہو تو ضروری ہے کہ تیمّم کرے اور اگر بندھی ہوئی ہو تو ضروری ہے کہ غسل کرے اور جبیرہ کے اوپر مسح کرے اور اگر جبیرہ کے اوپر مسح ممکن نہ ہو، تو اس صورت میں کہ جبیرہ تیمّم کے اعضاء سے خارج ہو تو ضروری ہے کہ تیمّم کرے اور اگر جبیرہ اعضائے تیمّم پر ہو، تو احتیاط واجب کی بنا پر غسل بھی(زخمی حصّہ پر مسح کئے بغیر) اور تیمّم بھی انجام دے۔
62	342	جبیرہ وضو، تو احتیاط واجب کی بنا پراسے تیمّم اور جبیرہ وضو دونوں بجالانے چاہئیں۔	جبیرہ وضو، تو ضروری ہے کہ دونوں کو بجا لائے۔
63	346	باقی علامات بھی اس میں موجود ہیں یا نہیں تو اگر اس پانی کے خارج ہونے سے پہلے اس نے وضو کیا ہوا ہو تو ضروری ہے کہ اسی وضو کو کافی سمجھے اور اگر وضو نہیں کیا تھا تو صرف وضو کرنا کافی ہے اور اس پر غسل کرنا لازم نہیں۔	باقی علامات بھی اس میں موجود ہیں یا نہیں، تو جنب شمار نہیں ہوگا اور اس پرغسل لازم نہیں ہے۔
64	354	(ا) اپنے بدن کا کوئی حصہ.........اپنا بدن نہ کرے۔	(ا) اپنے بدن کا کوئی حصہ قرآن مجید کے الفاظ یا اللہ تعالی کےنام سے اس تفصیل کے ساتھ مَس کرنا جو وضو کے باب میں گزر چکی ہے۔
67	379	وہ تمام شرائط جو وضو کے صحیح ہونے کے لئے بتائی جا چکی ہیں	وہ تمام شرائط جو وضو کے صحیح ہونے کے لئے ذکر کی جا چکی ہیں
67	383	اگر کوئی شخص شک کرے کہ اس نے غسل کیا ہے یا نہیں تو ضروری ہے کہ غسل کرے لیکن اگر غسل کے بعد شک کرے کہ غسل صحیح کیا	اگر کوئی شخص شک کرے کہ اس نے غسل کیا ہے یا نہیں، تو ضروری ہے کہ غسل کرے، لیکن اگر غسل مکمل ہونے کے بعد اور اس وقت کہ جب عرفاً غسل اختتام تک پہنچ

		ہے یا نہیں تو دوبارہ غسل کرنا ضروری نہیں۔	چکا ہو، شک کرے کہ سر و گردن یا بدن کا کچھ حصہ دُھلا یا نہیں، جبکہ اس کی عادت ہو کہ غسل کو پے در پے اور موالات کی رعایت کرتے ہوئے انجام دیتا ہو اورجانتا ہو کہ اعضائے غسل میں سے بڑا حصہ دُھلا ہے، تو اپنے شک کی پرواہ نہ کرے۔
68	387	ایک غسل کرسکتا ہے اور ظاہر یہ ہے کہ اگر ان میں سے کسی ایک مخصوص غسل کا قصد کرے تو وہ باقی غسلوں کے لئے بھی کافی ہے۔	ایک غسل کرسکتا ہے، اسی طرح اگر ان میں سے کسی ایک مخصوص غسل کا قصد کرے، تو وہ باقی غسلوں کے لئے کافی ہوتا ہے۔
69	393	چنانچہ اگر صبح کی نماز سے پہلے یا نماز کے دوران عورت کو استحاضہ آجائے توصبح کی نماز کے لئے غسل کرنا ضروری ہے۔ اگر	چنانچہ اگر صبح کی نماز سے پہلے یا نماز کے دوران عورت کو استحاضہ متوسطہ آجائے تو –احتیاط لازم کی بنا پر– ضروری ہے کہ صبح کی نماز کے لئے غسل کرے، اور اگر
69	394	نماز کے دوران دوبارہ خون روئی سے پٹی پر پہنچ جائے تو عصر کی نماز کے لئے بھی غسل کرنا ضروری ہے۔ لیکن اگر فاصلہ	نماز کے دوران دوبارہ خون روئی سے پٹی پر پہنچ جائے، تو احتیاط لازم کی بنا پر عصر کی نماز کے لئے بھی غسل کیا جائے، لیکن اگر فاصلہ
70	403	اگر مستحاضہ اپنے بارے میں تحقیق کرنے سے پہلے نماز میں مشغول ہوجائے تو اگر وہ قربت کا قصد رکھتی ہو	مستحاضہ عورت اگر اپنے بارے میں تحقیق کرسکتی ہو لیکن بغیر تحقیق کے نماز میں مشغول ہوجائے، تو اگر وہ قربت کا قصد رکھتی ہو
72	419	اسی طرح اگر نماز کے دوران اس کا استحاضۂ قلیلہ، استحاضۂ متوسطہ یا کثیرہ ہوجائے تو ضروری ہے کہ نماز کو توڑ دے اور استحاضۂ متوسطہ یا کثیرہ کے افعال انجام دے۔	اسی طرح اگر نماز کے دوران، اس کا استحاضۂ قلیلہ، استحاضۂ کثیرہ ہوجائے تو ضروری ہے کہ نماز کو توڑ دے، اور استحاضۂ کثیرہ کے لئے ان کے کاموں کو انجام دے، اور یہ حکم استحاضۂ قلیلہ سے متوسطہ میں تبدیل ہونے میں بھی –احتیاط واجب کی بنا پر– جاری ہوگا۔
73	427	یا مسجد جائے احتیاط مستحب کی بنا پر ضروری ہے کہ غسل کرے اور	یا مسجد جائے تو –احتیاط مستحب کی بنا پر– غسل کرے، اور
74	435	ہاں اگر حاملہ عورت اپنی عادت کے ایام شروع ہونے کے بیس روز بعد حیض کی علامتوں کے ساتھ خون دیکھے	ہاں اگر ایسی حاملہ عورت جو وقت کی عادت رکھنے والی ہو، تو اپنی عادت کے ایام شروع ہونے کے بیس روز گزرنے کے بعد حیض کی علامتوں کے ساتھ خون دیکھے
76	448	دبر	دُبر(پچھلی شرمگاہ)
78	466	مشغول ہوجائے۔	مشغول ہوجائے اور بہتر یہ ہے کہ اس حالت میں تسبیحات اربعہ کو انتخاب کرے۔
78	467	اور اپنے بدن کا کوئی حصہ اس کے الفاظ کے درمیانی حصے سے مس کرنا	اور اپنے بدن کا کوئی حصہ قرآن کے حاشیے اور اس کے الفاظ کے درمیانی حصے سے مس کرنا
90	503	یا خدا کے نام سے	یا خداوند متعال کے نام سے
90	504	جو عورت نفاس کی حالت میں ہو اسے طلا ق دینا اور اس سے جماع کرنا حرام ہے لیکن اس پر کوئی کفارہ نہیں۔	جو عورت نفاس کی حالت میں ہو اسے طلا ق دینا، باطل ہے اور بیوی سے نفاس کی حالت میں جماع کرنا حرام ہے لیکن اس پر کوئی کفارہ نہیں ہے۔
90	506	جو عورت عدد کی عادت رکھتی ہے اگر اسے اپنی عادت سے زیادہ خون آئے تو چاہئ یہ کہ خون دس دن سے تجاوز نہ کرے، .... مستحاضہ کے واجبات پر عمل کرے۔	جو عورت عدد کی عادت رکھتی ہو اگر ایک بار سے زائد خون دیکھے اور تمام خون اس کی اپنی عادت سے زیادہ ہواور دس روز سے بھی تجاوز کرے تو اپنے عادت کے ایام کو، خون نفاس قرار دے اور – احتیاط واجب کی بنا پر– عادت کی تعداد کے بعد کے ایام میں دسویں روز تک، محرمات نفساء کو ترک کرے اور واجبات مستحاضہ کو انجام دے۔
93	524	واجب ہے۔ لہذا وہ شخ جو جان کنی کی حالت میں ہے راضی ہو اور قاصر بھی نہ ہو(یعنی بالغ اور عاقل ہو) تو اس کام کے لئے اس کے ولی کی اجازت لینا ضروری نہیں ہے۔	واجب ہے، اور اگر علم ہو کہ جو شخص جان کنی کی حالت میں ہے وہ راضی ہے –اور قاصر(یعنی بالغ اور عاقل) بھی نہیں ہے– تو اس کام کے لئے اس کے ولی کی اجازت لینا ضروری نہیں ہے۔
93	525	مستحب ہے کہ جو شخص جان کنی کی حالت میں ہو اس کے سامنے شہادتین، بارہ اماموں کے نام	مستحب ہے کہ جو شخص جان کنی کی حالت میں ہو اس کے سامنے شہادتین، پیغمبرﷺ اور بارہ اماموں کے نام
93	528	یس	یاسین
94	531	اور ان امور کو دوبارہ انجام دینے کی ضرورت نہیں	اور دوبارہ انجام دینا لازم نہیں ہوتا۔
95	538	اگر مرنے والا اپنے غسل..............اگر قبول کرلے تو ضروری ہے کہ اس پر عمل کرے۔	اگر ایک فرد، ولی کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو وصیت کرے کہ وہ بذاتِ خود اس کو غسل دے یا اس کو کفن پہنائے یا اس کی نماز پڑھائے، تو لازم نہیں ہے کہ وہ وصیت کو قبول کرے لیکن اگر قبول کرلے تو ضروری ہے کہ ا س پر عمل کرے اور ولی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اگر وہ وصیت کرے کہ ان امور کی ولایت اس کے پاس ہے اور وہ تجہیز میت کا عہدہ دار اور سرپرست اس انداز میں ہے کہ وہ شخص تجہیزمیت کو خود انجام دے سکتا ہے یا کسی کواس کام کے لئے مقرر کرے، احتیاط واجب یہ ہے کہ وہ شخص، وصیت کو جب تک عادت سے بالاتر سختی نہ ہو قبول کرے سوائے یہ کہ وہ شخص وصیت کرنے والے کی زندگی میں، وصیت کو رد کرچکا ہو اور رد کرنے کی خبر بھی وصیت کرنے والے کو پہنچ چکی ہو اور وہ شخص دوسرے کو وصیت کرسکتا ہو تو اس صورت میں، اس پر قبول کرنا واجب نہیں ہے۔
95	544	احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ وہ اثنا عشری ہو۔	احتیاط واجب کی بنا پر– ضروری ہے کہ وہ شیعہ اثنا عشری ہو۔
96	553	اور اولیٰ یہ ہے	اور بہتر یہ ہے
97	561	سابقہ مسئلہ میں ہوچکا ہے میت کے اصل مال سے لیا جائے گا بلکہ	سابقہ مسئلہ میں ہوچکا ہے –اس صور ت میں کہ جب کسی دوسرے شخص کی جانب سے بطور ہدیہ نہ دیا گیا ہو– میت کے اصل مال سے لیا جائے گا بلکہ
98	567	احتیاط واجب یہ ہے کہ کفن کے تینوں	احتیاط مستحب یہ ہے کہ کفن کے تینوں
98	569	اور احتیاط واجب کی بنا پر سونے کے پانی سے کام کئے ہوئے کپڑے کا کفن دینا جائز نہیں لیکن	اوراسی طرح –احتیاط واجب کی بنا پر– سونے کے پانی سے کام کئے ہوئے کپڑے کا کفن دینا، جائز نہیں، لیکن
99	574	ضروری ہے کہ کافور پسا ہوا، تازہ، پاک اور مباح(غیر غصبی) ہو	اور ضروری ہے کہ کافور، پسا ہوا، مباح(غیر غصبی) اور تازہ ہو
99	574	تو کافی نہیں۔	تو کافی نہیں۔ اسی طرح ضروری ہے کہ پاک ہو حتی کہ –احتیاط واجب کی بنا پر– اگر میت کے بدن کو نجس کرنے کا باعث بھی نہ ہو۔
100	586	اور اس کا لباس غصبی ہو تب بھی کوئی حرج نہیں۔ اگرچہ بہتر یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کا لحاظ رکھے جو دوسری نمازوں میں لازمی ہیں۔	اور اس کا لباس غصبی ہو تب بھی نماز صحیح ہے، اگرچہ بہتر یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کا لحاظ رکھے جو دوسری نمازوں میں لازمی ہیں۔ ہاں، ہر وہ کام جو نماز کی شکل کو ختم کردے اس سے دوری اختیار کی جائے بلکہ –احتیاط واجب کی بنا پر– ضروری ہے کہ بات کرنے، قہقہ لگانے اور قبلہ سے پشت پھیرنے سے بطور کلی پرہیز کرے۔
101	598	اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا عَبْدُکَ	اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا الْمُسَجّٰی
101	598	اِنْ کَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْہُ وَ	اِنْ کَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْ سَیِّئَاتِہٖ وَ
101	598	اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ اَمَتُکَ	اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہِ الْمُسَجَّاۃَ
101	598	اِنْ کَانَتْ مُسِیْئَۃً فَتَجَاوَزْ عَنْھَا وَ	اِنْ کَانَتْ مُسِیْئَۃً فَتَجَاوَزْ عَنْ سَیِّئَاتِھَا وَ
102	598	ارحم الراحمین	ارحم الراحمین اس بات کا ذکر کرنا مناسب ہے کہ وہ دعا جو چوتھی تکبیر کے بعد ذکر ہوئی ہے بالغ افراد کے ساتھ مخصوص ہے اور مومنین کے بچوں کی نماز میں چوتھی تکبیر کے بعد یہ کہا جاتا ہے: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لِاَبَوَیْہِ وَلَنَا سَلَفًا وَفَرَطًا وَاَجْرًا۔
102	598	منہ.....عنہ.....اجعلہ......وارحمہ	مِنْہُ.....عَنْہُ.....اِجْعَلْہُ.......وَارْحَمْہُ
104	612	میت کو غصبی زمین میں یا ایسی زمین میں جو دفن کے علاوہ کسی دوسرے مقصد مثلا مسجد کے لئے وقف ہو دفن کرنا اگر وقف کے لئے	میت کو غصبی زمین میں دفن کرنا جائز نہیں ہے اسی طرح میت کو ایسی زمین میں دفن کرنا جو دفن کرنے کے علاوہ کے لئے وقف کی گئی ہوجیسے مسجد، امام بارگارہ یا دینی

		نقصاندہ ہو یا وقف کے مقصد سے مزاحمت کا باعث ہو تو دفن کرنا جائز نہیں ہے۔ یہی حکم احتیاط واجب کی بنا پر اس وقت بھی ہے جب نقصاندہ یا مزاحم نہ ہو۔	مدرسہ، اس صورت میں کہ وقف کے لئے نقصاندہ ہو یا وقف کے مقصد سے مزاحمت کا باعث ہو تو دفن کرنا جائز نہیں ہے۔ بلکہ اگر نقصاندہ یا مزاحم نہ بھی ہو، تب بھی احتیاط واجب کی بنا پر جائز نہیں ہوگا۔
104	613	دفن کرسکتے ہیں۔	دفن کرسکتے ہیں اور یہ کام، کسی گناہ کا باعث —جیسے دوسرے کے حق میں تصرف کرنا— نہ ہو۔
105	618	مستحب ہے کہ قبر کو ایک متوسط انسان کے قد کے لگ بھگ کھودیں اور	مستحب ہے کہ قبر کو ایک متوسط انسان کے قد کے لگ بھگ یا اس کے کندھے سے بلند کھودیں اور
106	618	ثُمَّ اِعْلَمْ	ثُمَّ اعْلَمْ
106	620	تُغْنِیْہِ	تُغْنِیْہِ
108	633	حرج کا باعث نہ ہو، ورنہ قبر کھولنا.................................... سوائے اس کے کہ میت نے اس زمین کو غصب کیا ہو۔	حرج کا باعث نہ ہو، کہ اس صورت میں قبر کشائی اس شرط کے ساتھ حرام نہیں ہے کہ قبر کشائی اور میت کو باہر نکالنا اہم ترین مفسدہ نہ رکھتا ہو جیسے جنازے کا بغیر دفن کے باقی رہنا یا اس کا بدن ٹکڑے ٹکڑے ہونا ورنہ قبر کشائی جائز نہیں ہے، بلکہ قبر کشائی کا جائز ہونا ایسے مقام میں کہ میت کی ہتک حرمت کا باعث ہو اور خود میت نے بھی اس زمین کو غصب نہ کیا ہو، تو محل اشکال ہے اور اس طرح کے مقام میں احتیاط واجب کی بنا پر غاصب پر لازم ہے کہ مالک کو راضی کرے کہ مذکورہ میت کو اس زمین میں باقی رہنے دے چاہے اس طرح سے کہ زیادہ مال مالک کو عطا کرے۔
109	634	تو مستحب ہے کہ ہفتے کے دن صبح سے غروب آفتاب تک اس کی قضا بجا لائے۔	تو مستحب ہے کہ اس کے بعد شب ہفتہ یا ہفتے کے روز ہفتے کے غروب آفتاب تک اس کی قضا بجا لائے۔
110	635	(۱) رمضان کی تمام	(۱) ماہ رمضان کی تمام
110	635	(۷) دور یا نزدیک سے معصومین علیہم السلام کی زیارت کے لئے غسل۔ ان میں سے کسی غسل کا مستحب ہونا ثابت نہیں اور جو شخص بھی ان میں سے کوئی غسل انجام دینا چاہے ضروری ہے کہ رجاء کی نیت سے انجام دے۔	(۷) دور یا نزدیک سے معصومین علیہم السلام کی زیارت کے لئے غسل۔ اس بات کا ذکر کرنا مناسب ہے کہ ان غسلوں کا مستحب ہونا ثابت نہیں ہے اور جو شخص بھی ان کو انجام دینا چاہتا ہے تو ضروری ہے کہ رجاء کے قصد سے بجا لائے۔
110	637	جس کو غسل دیا جا چکا ہو، تو ایسی صورت میں چند مختلف وجوہات کی بنا پر مستحب ہونے والے غسلوں کے لئے ایک غسل پر اکتفا کرنا محل اشکال ہے۔	جس کو غسل دیا جا چکا ہو، تو اس طرح کے غسلوں میں احتیاط واجب یہ ہے کہ چند مختلف اسباب کے لئے ایک غسل پر اکتفا نہ کرے۔
111	638	(منہاج الصالحین ج۱، ص۱۱۳، مسئلہ۳۴۲)۔	(منہاج الصالحین ج۱،مسئلہ۳۴۲)۔
113	655	ضرر کا باعث ہو تو پھر ان چیزوں کا مہیا کرنا واجب نہیں ہے۔	ضرر کا باعث ہو اوراس بات کا سبب بنتا ہو کہ وہ عادت سے بالاتر سختی کوبرداشت کرے، تو پھر ان چیزوں کا مہیا کرنا واجب نہیں ہے۔
115	671	دوبارہ تیمّم کرے خواہ وہ تیمّم جو اس نے کیا تھا نہ ٹوٹا ہو۔	دوبارہ تیمّم کرے، چاہے اس نے اپنے تیمّم باطل نہ کیا ہو۔
116	677	اسی طرح اگر تر مٹی کو خشک کرکے اس سے سوکھی مٹی حاصل کرسکتا ہو تو تر مٹی پر تیمم کرنا باطل ہے۔	اسی طرح اگر گیلی مٹی کو خشک کرکے اس سے سوکھی مٹی حاصل کرسکتا ہو تو گیلی مٹی پر تیمم کرنا باطل ہے۔
116	678	پکھلا	پگھلا
117	681	تر زمین یا تر مٹی پر تیمم نہ کیا جائے۔	نم زمین یا نم مٹی پر تیمم نہ کیا جائے۔
117	686	غصب کی ہے تو اس چیز پر تیمّم کے صحیح ہونے میں اشکال ہے۔	غصب کی ہے، تو اس چیز پر اس کا تیمّم احتیاط واجب کی بنا پر صحیح نہیں ہے۔
117	687	تیمّم کرکے نماز پڑھے۔	تیمّم کرکے نماز پڑھے۔ لیکن تیمّم کے دوران لازم ہے کہ، ہتھیلیوں کو زمین پر نہ مارے بلکہ ہتھیلیوں کو زمین پر رکھنے پر اکتفا کرے۔
118	690	(۳) بائیں ہتھیلی کو دائیں ہاتھ کی تمام پشت پر اور اس کے بعد دائیں ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی تمام پشت پر پھیرنا۔	(۳) بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو دائیں ہاتھ کی تمام پشت پر کلائی کے جوڑ سے لے کر انگلیوں کے سروں تک پھیرنا، اور دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی تمام پشت پر کلائی کے جوڑ سے لے کر انگلیوں کے سروں تک پھیرنا، اور احتیاط واجب یہ ہے کہ دائیں ہاتھ اور بائیں ہاتھ کے درمیان ترتیب کی رعایت کی جائے۔
118	696	پاک ہوں، اگرچہ بہتر ہے کہ پاک ہوں۔	پاک ہوں، اس بنا پر اگر اعضائے تیمّم متنجّس لیکن خشک ہوں، تو تیمّم صحیح ہے اگرچہ بہتر ہے کہ اعضائے تیمّم مکمل طور پر پاک ہوں۔
120	713	اسی طرح اگر کسی اور غسل کے بدلے تیمّم کرے تو بھی یہی حکم ہے لیکن	اسی طرح اگر کسی اور غسل کے بدلے —غسل استحاضہ متوسطہ کے علاوہ— تیمّم کرے تو بھی یہی حکم ہے لیکن
121	716	(۲) یہ جانتے ہوئے یا گمان کرتے ہوئے کہ اسے پانی نہ مل سکے گا عمداً	یہ جانتے ہوئے یا گمان کرتے ہوئے کہ اسے آخری وقت تک پانی نہیں مل سکے گا عمداً
121	716	اور تیمّم کرکے نماز پڑھے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اگر تلاش کرتا تو اس پانی مل جاتا۔	اورتنگ وقت میں تیمّم کرکے نماز پڑھے اور بعد میں اسے پتا چلے کہ اگر تلاش کرتا تو اس پانی مل جاتا۔
121		حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ:	پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی گئی کہ انھوں نے فرمایا کہ:
121		ایک دن آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے کہ	اسی طرح روایات کی گئی ہے کہ ایک دن آپ حضرت مسجد میں تشریف فرما تھے کہ
122		نماز کی حالت میں خدا کی یاد رہے	نماز کی حالت میں خداوند متعال کی یاد رہے
122		جیسا کہ نماز کی حالت میں حضرت امیر المومنین	جیسا کہ روایت کی گئی ہے کہ نماز کی حالت میں حضرت امیر المومنین
122		چھ نمازیں واجب ہیں:	حضرت ولی عصر عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف کے زمانہ غیبت میں چھ نمازیں واجب ہیں:
122	718	۱ـــــ ظہر شرعی کا مطلب ہے کہ آدھا دن گزر جانا۔ مثلاً اگر دن بارہ گھنٹے کا ہو تو سورج نکلنے کے چھ گھنٹے کے بعد ظہر شرعی کا وقت ہوگا اور اگر دن تیرہ گھنٹوں کا ہو تو طلوع آفتاب کے ساڑھے چھ گھنٹے بعد ظہر شرعی کا وقت ہوگا۔ ظہر شرعی جو کہ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب کے درمیان نصف وقت گزرنے کا نام ہے، کراچی کے افق کے مطابق کبھی دوپہر ساڑھے بارہ بجے سے کچھ پہلے اور کبھی اس کے کچھ بعد میں ہوتا ہے۔	۱ـــــ ظہر شرعی کا مطلب ہے کہ آدھا دن گزر جانا۔ مثلاً اگر دن بارہ گھنٹے کا ہو تو سورج نکلنے کے چھ گھنٹے کے بعد ظہر شرعی کا وقت ہوگا اور اگر دن تیرہ گھنٹوں کا ہو تو طلوع آفتاب کے ساڑھے چھ گھنٹے بعد ظہر شرعی کا وقت ہوگا۔
124	720	پس یہ نماز فرادیٰ ادا کرنا صحیح نہیں اور جب مقتدی	پس نماز جمعہ فرادیٰ شکل میں ادا کرنا صحیح نہیں ہے، اور جب مقتدی
124	720	احتیاط کی بنا پر ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا،	احتیاط واجب کی بنا پر ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد،
124	720	اور اس سے زیادہ میں عربی معتبر نہیں ہے بلکہ	اور لیکن باقی مقامات میں، جیسے اللہ کی ثنا اور تقویٰ کی وصیت، میں عربی پڑھنا لازم نہیں ہے، بلکہ
129	746	لیکن اگر وقت اتنا کم ہو کہ نماز پڑھنے کے بعد سورج ڈوب جاتا ہے اور	لیکن اگر وقت اتنا کم ہو کہ نماز عصر مکمل ہونے کے بعد، نماز کا وقت اختتام کو پہنچ جائے اور
130	756	لیکن اگر کوئی شخص ظہر کی نفل اس وقت تک موخر کردے کہ شاخص کے سائے کی وہ مقدار جو ظہر کے بعد پیدا ہو سات میں سے دو حصّوں کے برابر ہوجائے۔	لیکن اگر کوئی شخص ظہر کی نفل موخر کردے اور یہ تاخیر اس وقت تک ہو کہ شاخص کے سائے کی وہ مقدار جو ظہر کے بعد پیدا ہوتی ہے، سات میں سے دو حصّوں کے برابر ہوجائے۔
131	756	مثلاً شاخص کی لمبائی سات بالشت اور سایہ کی مقدار دو بالشت ہو تو اس صورت میں بہتر یہ ہے کہ انسان ظہر کی نماز نفل سے پہلے پڑھے	یعنی اگر شاخص کی لمبائی سات بالشت ہو اور سایہ کی مقدار دو بالشت تک پہنچ جائے —— تو اس صورت میں بہتر ہے کہ ظہر کی نماز کو نفل سے پہلے پڑھے، سوائے

		سوائے	
131	756	مکمل کرچکا ہو کہ اس صورت میں نفل کو پہلے مکمل کرنا بہتر ہے۔	مکمل کرچکا ہو تو اس صورت میں نفل کو نماز ظہر سے پہلے مکمل کرنا بہتر ہے۔
131	757	چار حصوں تک پہنچ جائے تو اس صورت میں بہتر ہے کہ انسان عصر کی نماز نافلہ سے پہلے پڑھ لے سوائے	چار حصوں تک پہنچ جائے تو بہتر ہے کہ عصر کی نماز نافلہ سے پہلے پڑھ لے، سوائے
131	761	نماز شب کا اول وقت مشہور قول کی بنا پر آدھی رات ہے۔ یہ اگرچہ احوط و بہتر ہے لیکن بعید نہیں ہے کہ اس کا وقت رات کی ابتداء سے شروع ہو اور صبح کی اذان تک باقی رہے اور بہتر یہ ہے کہ صبح کی اذان کے قریب پڑھی جائے۔	نماز شب کا اول وقت مشہور قول کی بنا پر آدھی رات ہے، اور یہ نظریہ، اگرچہ احتیاط مستحب کے مطابق اور بہتر ہے لیکن بعید نہیں ہے کہ اس کے وقت کا آغاز، رات کی ابتداء سے ہو اور صبح کی اذان تک اس کا وقت باقی رہے، اور اگرچہ بہتر ہے کہ صبح کی اذان کے قریب پڑھی جائے۔
132	763	لما قضیتها لی۔	لما قضیتها لی۔ اس کے بعد اپنی حاجت کو خدا وند متعال سے طلب کرے۔
133	774	یکے بعد دیگرے پڑھنی ضروری ہیں تو احتیاط مستحب	یکے بعد دیگرے ترتیب کے ساتھ پڑھنی ضروری ہیں، تو احتیاط مستحب
133	775	جس شخص کو قبلے کی سمت کا یقین نہ ہو اگر	جو شخص قبلے کی سمت کا یقین یا جو چیز یقین کے حکم میں ہو پیدا نہ کرسکے، اگر
136	791	اس صورت کے علاوہ ضروری نہیں ہے کہ وہ نماز کو دوبارہ پڑھے۔	اس صورت کے علاوہ، اگر نماز کے بعد یاد آئے توضروری نہیں ہے کہ وہ نماز کو دوبارہ پڑھے۔
137	800	لباس کو پاک کرکے نجس بدن کے ساتھ نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔	اور احتیاط واجب کی بنا پر لباس کو پاک کرکے نجس بدن کے ساتھ نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔
137	800	تو اسے اختیار ہے کہ لباس اور بدن میں سے جسے چاہے پاک کرے۔	یا یہ کہ نجاست کے علاوہ دوسرا عنوان بھی موجود ہو، جو کہ نمازی کے لباس میں ممنوع ہو، جیسے یہ کہ لباس کی نجاست، کسی ایک درندے کے خون میں سے ہو، ان صورتوں میں انسان کو اختیار ہے کہ (لباس اور بدن میں سے) جسے چاہے پاک کرے۔
137	803	اور اسی طرح وہ چیزیں جنہیں نمازی نے پہن رکھا ہو جبکہ اس کے پاس ایک مباح ستر پوش بھی ہو۔ ایسی تمام صورتوں میں ان چیزوں کے غصبی ہونے سے نماز میں کوئی فرق نہیں پڑتا اگرچہ احتیاط ان کے ترک کردینے میں ہے۔	اور اسی طرح وہ چیزیں جنہیں نمازی نے پہن رکھا ہو لیکن ایک دوسرا مباح ستر پوش(لباس) اس کے نیچے ہو جو کہ شرمگاہ کو چھپائے ہوئے ہو، ایسی تمام صورتوں میں ان چیزوں کے غصبی ہونے سے نماز میں کوئی ضرر نہیں ہوتا اگرچہ احتیاط مستحب ترک کردینے میں ہے۔
138	806	فوراً یا نماز کا تسلسل توڑے بغیر غصبی لباس اتار سکتا ہو تو ضروری ہے کہ فوراً لباس کو اتار دے اور اگر کسی اور چیز نے اس کی شرمگاہ کو ناظر محترم سے ڈھانپا ہوا نہ ہو یا غصبی لباس	فوراً یا موالات —یعنی نماز کا پے در پے ہونا— توڑے بغیر غصبی لباس اتار سکتا ہو اور اپنی نماز کو جاری رکھ سکتا ہو تو لازم ہے کہ یہ کام انجام دے اور اگر کسی اور چیز نے اس کی شرمگاہ کو ناظر محترم سے ڈھانپا ہوا نہ ہو یا غصبی لباس
138	808	اگر کوئی شخص..............جو غصبی لباس کے ساتھ نماز پڑھنے کا ہے۔	اگر اس رقم سے لباس خریدا جائے جس کا خمس ادا نہ کیا ہو لیکن معاملہ بطور کلی ذمے میں ہو، اسی طریقے سے جیسا کہ اکثر معاملات اسی طرح ہوتے ہیں، تو اس کے لئے وہ لباس حلال ہے، لیکن خمس ادا نہ کی گئی رقم میں تصرف کرنے اور اس کے خمس کی ادائیگی میں تاخیر کرنے کی وجہ سے، گناہگار ہے اور ضروری ہے کہ وہ رقم جو فروخت کرنے والے کو دی ہو اس کا خمس، ادا کیا جائے، لیکن اگر بعینہ اسی رقم سے لباس خریدا ہو جس کا خمس ادا نہیں کیا تھا، تو حاکم شرع کی اجازت کے بغیر اس لباس میں نماز پڑھنے کا حکم غصبی لباس میں نماز پڑھنے کا حکم ہے۔
140	821	اگر کوئی شخص نہ جانتا ہو یا بھول گیا ہو کہ اس کی انگوٹھی یا لباس سونے کا ہے یا شک رکھتا ہو اور اس کے ساتھ نماز پڑھے تو اس کی نماز صحیح ہے۔	اگر کوئی مرد ذکرشدہ حکم کو نہ جانتا ہو یا یہ کہ حکم کو جانتا ہو لیکن یہ نہ جانتا ہو یا بھول گیا ہو کہ اس کی انگوٹھی یا لباس سونے کا ہے یا شک رکھتا ہو اور اس کے ساتھ نماز پڑھے، تو اس کی نماز صحیح ہے، لیکن اگر حکم کے حوالے سے جاہل مقصّر ہو تو نماز باطل ہے اور ضروری ہے کہ اس کو دوبارہ پڑھے۔
140	830	اگر کسی کے پاس ایسی چیز نہ ہو جس سے وہ اپنی شرمگاہوں کو نماز میں ڈھانپ سکے تو واجب ہے کہ ایسی چیز کرائے پر لے یا خریدے لیکن اگر اس پر اس کی حیثیت سے زیادہ خرچ اٹھتا ہو یا صورت یہ ہے کہ اس کام کے لئے خرچ برداشت کرے تو اس کی حالت تباہ ہوجائے تو ان احکام کے مطابق نماز پڑھے جو برہنہ لوگوں کے لئے بتائے گئے ہیں۔	اگر کسی کے پاس ایسی چیز نہ ہو جس سے وہ اپنی شرمگاہ کو نماز میں ڈھانپ سکے، تو واجب ہے کہ —اگرچہ کرائے یا خریداری کے ذریعے ہو— اس کا بندوبست کرے، لیکن اگراس کا بندوبست کرنا عادت سے بالاتر سختی کا باعث ہوتا ہو —اگرچہ غربت و تنگ دستی یا اس کا مہنگا ہونا یا اس کے حق میں سختی کے حوالے سے ہو— تو اس کا بندوبست لازم نہیں ہے اور وہ ان احکام کے مطابق نماز پڑھ سکتا ہے جو برہنہ لوگوں کے لئے بتائے گئے ہیں۔
142	840	بدن یا لباس پر ایسا خون دیکھے جو درھم سے زیادہ ہو	بدن یا لباس پر ایسا خون دیکھے جو درھم کے برابر یا اس سے زیادہ ہو
142	842	اگر نماز پڑھنے والے کے بدن یا لباس پر سوئی کی نوک کے برابر بھی حیض کا خون لگا ہوتو اس کی نماز باطل ہے۔	اگر نماز پڑھنے والے کے بدن یا لباس پر حیض کا خون لگا ہو، تو اس کی نماز باطل ہے۔
145	859	اگر کوئی شخص واجب نماز سواری کی حالت میں پڑھنے پر مجبور ہو اور سواری کا جانور یا اس کی زین یا نعل غصبی ہو تو احتیاط واجب کی بنا پر اس کی نماز باطل ہے اور اگر وہ شخص اس جانور پر سواری کی حالت میں مستحب نماز پڑھنا چاہے تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔	اگر کوئی شخص واجب نماز سواری کی حالت میں پڑھنے پر مجبور ہو، یا یہ کہ مستحب نماز کواس حالت میں پڑھنا چاہے، تووہ گاڑی اور کرسی کہ جس پر وہ شخص نماز پڑھتا ہے اس کے غصبی ہونے کا حکم اور اس کے پہیے بھی، نمازی کی جگہ کے غصبی ہونے کا حکم رکھتے ہیں۔
145	861	جبکہ سودے میں رائج طریقۂ کار کے مطابق، قیمت اپنے ذمے لے لی ہو تو جائیداد میں تصرف کرنا اس کے لئے حلال ہے اور وہ شخص	لیکن معاملہ بطور کلی ذمے میں ہو، اسی طریقے سے جیسا کہ اکثر معاملات اسی طرح ہوتے ہیں، تو اس کے لئے وہ لباس حلال ہے، اور وہ شخص
146	869	گو اتفاق سے پوری پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں۔	اور اگر اس کو مکمل کرلے تو اس کی نماز درست ہے۔
146	873	ضروری ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ اہلبیت علیہم السلام کی قبور مطہر کی جانب پشت کرکے، اگر ان کی بے حرمتی ہوتی ہو تو نماز نہ پڑھے۔ اس کے علاوہ کسی اور صورت میں اشکال نہیں۔ لیکن نماز دونوں صورتوں میں صحیح ہے۔	پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ اطہار علیهم السلام کی قبر کی جانب پشت کرنا، اس صورت میں کہ ان کی بے حرمتی اور توہین شمار ہوتی ہو، تو نماز اور نما زکے علاوہ حرام ہے اور لیکن اگر زیادہ فاصلہ ہونے یا رکاوٹ جیسے دیوار کے موجود ہونے کی وجہ سے ہتک اور توہین شمار نہ ہو، تو کوئی اشکال نہیں ہے، البتہ صندوق شریف اور وہ کپڑا جو اس پر ڈالا جاتا ہے یا ضریح مطہر، بے ادبی کو دور کرنے کے لئے، کافی نہیں ہے، لیکن دونوں صورتوں میں اگر قصد قربت حاصل ہوجائے، تو نماز صحیح ہے۔
147	873	مرد کے دو زانو کے برابر فاصلے پر ہو۔	مرد کے دو زانو کے برابر فاصلے پر ہو اور اس حکم میں محرم اور نامحرم میں کوئی فرق نہیں ہے۔
147	874	یہی حکم ہے کہ اگر ایک، دوسرے سے پہلے نماز شروع کردے۔	اور اگر ایک، دوسرے سے پہلے نماز میں مشغول ہوجائے، تو اس شخص کی نماز جس نے دیر سے تکبیرۃ الاحرام کہی ہو، احتیاط واجب کی بنا پر باطل ہے اور پہلے شخص کی نماز جس نے پہلے تکبیرۃ الاحرام کہی ہو، تو اس صورت میں بعد کے مسئلے میں جو چیز ذکر ہوئی ہے اسے انجام دے تو درست ہے ورنہ پہلے شخص کی نماز بھی، احتیاط واجب کی بنا پر، باطل ہے لیکن اگر وہ کام ممکن نہ ہوں تو نماز کو جاری رکھے اور اس صورت میں، پہلے شخص کی نماز درست ہے۔
149	887	اندرونی دیوار کو نجس کرنا حرام ہے اور	اندرونی دیوار، آلات اور وہ چیزیں جو مسجد کی بنیاد کا حصہ شمار ہوتے ہیں — جیسے دروازے اور کھڑکیوں— کو نجس کرنا حرام ہے، اور
149	888	اگر کوئی شخص مسجد کو پاک کرنے پر قادر نہ ہو یا اسے مدد کی ضرورت ہو جو دستیاب نہ ہو تو مسجد کا پاک کرنا اس پر واجب نہیں لیکن یہ سمجھتا ہو کہ اگر دوسرے کو اطلاع دے گا تو یہ کام ہوجائے گا اور نجاست کو وہاں رہنے دینا بے حرمتی کا باعث ہو تو ضروری ہے کہ	اگر کوئی شخص مسجد کو پاک نہیں کرسکتا ہو، تو مسجد کا پاک کرنا اس پر واجب نہیں لیکن اگر نجاست کا باقی رہنا توہتک حرمت کا باعث ہو، تو اگر جانتا ہو یا —احتیاط واجب کی بنا پر— احتمال معقول ہو کہ اگر دوسرے کو اطلاع دے گا تو یہ کام ہوجائے گا تو ضروری ہے کہ اسے اطلاع دے۔

		اسے اطلاع دے۔	
156	937	تو بہتر یہ ہے کہ اکبر کے آخری حرف ''را'' پر پیش دے۔	تو بہتر یہ ہے کہ اکبر کے''را'' کو پیش کی حرکت(ُ) کے ساتھ تلفظ کرے۔
159	965	والضحیٰ اور الم نشرح کی سورتیں اور اسی طرح سورۂ فیل اور سورۂ قریش احتیاط واجب کی بنا پر نماز میں ایک سورت شمار ہوتی ہیں۔	اور سورۂ "ضحیٰ" اور "شرح = أَلم نشرح" اور اسی طرح سورۂ "فیل" اور "قریش" —احتیاط واجب کی بنا پر— نماز میں ایک سورہ شمار ہوتی ہیں۔
161	975	تو وہ اسے چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ نہیں پڑھ سکتا البتہ اگر نماز جمعہ	تو وہ اسے چھوڑ کر کوئی دوسرا سورہ نہیں پڑھ سکتا، اور یہ حکم نوافل میں بھی —احتیاط واجب کی بنا پر— جاری ہوتا ہے، لیکن اگر نماز جمعہ
161	977	اگر کوئی شخص نماز میں سورۂ اخلاص یا سورۂ کافرون کے علاوہ کوئی دوسرا سورہ پڑھے تو جب تک	اگر کوئی شخص واجب یا نافلہ نمازوں میں، سورۂ "قل ھو اللہ احد" اور "قل یا ایھا الکافرون" کے علاوہ کوئی دوسرا سورہ پڑھے، تو جب تک
161	977	دوسرا سورہ پڑھنا احتیاط کی بنا پر جائز نہیں ہے۔	دوسرا سورہ پڑھنا —احتیاط واجب کی بنا پر— جائز نہیں ہے۔
162	985	گزشتہ مسئلے میں کہا گیا ہے	گزشتہ مسئلے میں ذکر ہوا
162	989	اگر کوئی شخص کسی لفظ کے زبر اور زیر سے واقف نہ ہو یا یہ نہ جانتا ہو	اگر مکلف، کسی لفظ کے زبر، زیر یا پیش کو نہ جانتا ہو، یا یہ نہ جانتا ہو
162	990	ہمزا کے بجائے کوئی ساکن حرف ہو یعنی اس پر زبر،زیر یا پیش(میں سے کوئی حرکت) نہ ہو تب بھی ان تینوں حروف کو مد کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ لیکن ظاہراً	ہمزا کے بجائے، کوئی ساکن حرف ہو، تب بھی ان تینوں حروف کو مد کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے، لیکن ظاہراً
